حرفِ تمنّا

فیکلٹی آف اسلامک اسٹڈیز کے مجلّہ معارفِ اسلامیہ کا چودھواں شمارہ نذرِ محققین وقارئین ہے۔ میری ڈین شپ کا یہ تیسرا شمارہ ہے۔علم وتحقیق کا یہ روایتی سفر پوری سرگرمی سے جاری وساری ہے۔متنوع موضوعات پر محققین اور طلبائے تحقیق کے مضامین اس میں یکجا ہیں۔کم وبیش ہمہ اقسام کے صاحبانِ ذوق کی تسکین کا سامان بہرطور اس میں موجود ہے۔

ہماری خواہش ہے، جسے ہم بار بار دہراتے ہیں اور ایک بار پھر اسی خواہش کا اعادہ کر رہے ہیں کہ لکھنے والے معزز اصحابِ علم ودانش اپنے افکار کو مزید نکھاریں، تحقیقی اقدار کو فروغ دیں، علامہ شبلی نعمانی ؒ، ابوالکلام آزادؒ اور سید سلیمان ندویؒ ودیگر اسلاف کی مثالیں اپنے سامنے رکھیں اور کچھ ایسا کریں کہ ان کا بھی نام تاریخ میں اچھے لفظوں میں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے محفوظ ہوجائے۔یہ مجلّات دراصل اسی سلسلے کی کڑیاں ہوتے ہیں اور اسی کے ذریعے فروغ تحقیقات کے مواقع سب کو میسر آتے ہیں۔اب دیکھنا یہ ہے کہ ہم سب میں وہ کون ہے جو سب پر بازی لے جانے کی کوشش کرسکتا ہے اور اپنے رشحاتِ قلم سے اُمتِ مسلمہ کو رہینِ منت کرسکتا ہے۔اسی تمنا کے ساتھ بہ احتراماتِ فراواں، اگلے شمارے کیلئے آپ کی عمدہ اور معیاری نگارشات کا طلب گار۔

آپ کا اپنا

مدیر اعلیٰ

مجلّہ معارفِ اسلامیہ، جامعہ کراچی